صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعرات مورخہ 16 جون 2022ء بمطابق 16 ذیقعدہ 1443 ہجری بعد از دوپہر دو بجکر ستاون منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب ڈپٹی سپیکر، محمود جان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔

وَلِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الۡاَرۡضِ ؕ وَکَفٰی بِاللّٰہِ وَکِیۡلًا O اِنۡ یَّشَاۡ یُذۡہِبۡکُمۡ اَیُّہَا النَّاسُ وَیَاۡتِ بِاٰخَرِیۡنَ ؕ وَکَانَ اللّٰہُ عَلٰی ذٰلِکَ قَدِیۡرًا O مَنۡ کَانَ یُرِیۡدُ ثَوَابَ الدُّنۡیَا فَعِنۡدَ اللّٰہِ ثَوَابُ الدُّنۡیَا وَالۡاٰخِرَۃِ ؕ وَکَانَ اللّٰہُ سَمِیۡعًۢا بَصِیۡرًا۔

(ترجمہ): ہاں اللہ ہی مالک ہے ان سب چیزوں کا جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں، اور کارسازی کے لئے بس وہی کافی ہے۔ اگر وہ چاہے تو تم لوگوں کو ہٹا کر تمہاری جگہ دوسروں کو لے آئے اور وہ اِس کی پوری قدرت رکھتا ہے۔ جو شخص محض ثواب دنیا کا طالب ہو اُسے معلوم ہونا چاہیئے کہ اللہ کے پاس ثواب دنیا بھی ہے اور ثواب آخرت بھی اور اللہ سمیع و بصیر ہے۔ وآخِرُ الدَّعوَانا أَنِ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِینَ۔

اراکین کی رخصت

جناب ڈپٹی سپیکر: آئٹم نمبر 2، Leave Applications: یہ چھٹی کی درخواستیں آئی ہیں۔ جناب قلندر لودھی صاحب، ایم پی اے، 16 جون; جناب امجد علی خان صاحب، منسٹر، 16 جون; جناب محب اللہ خان صاحب، منسٹر، 16 جون; صاحبزادہ ثنا اللہ صاحب، ایم پی اے، 16 جون; جناب سراج الدین صاحب، ایم پی اے تا اختتام اجلاس; محترمہ سمیہ بی بی، ایم پی اے، 16 اور 17 جون; جناب جمشید خان مہمند صاحب، ایم پی اے، 16 جون; جناب فضل حکیم صاحب، ایم پی اے، 16 جون; جناب فہیم خان صاحب، ایم پی اے، 16 جون; جناب محمد ریاض خان صاحب، مشیر، 16 جون; جناب پیر فدا محمد صاحب، ایم پی اے، 16 جون; سردار محمد یوسف زمان صاحب، ایم پی اے، 16 جون; جناب محمد علی ترکئی، ایم پی اے صاحب، 16 جون۔

Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The leave is granted.

جناب سپیکر کی جانب سے اعلان

جناب ڈپٹی سپیکر: معزز اراکین اسمبلی، چونکہ بجٹ پر بحث کے لئے زیادہ تعداد میں معزز ممبران اسمبلی نے اپنے نام جمع کرائے ہیں لیکن وقت کی کمی کو مدنظر رکھتے ہوئے میں صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا کے قواعد انضباط و طریقہ کار مجریہ 1988ء کے قاعدہ 142 کے ذیلی قاعدہ (3) کے تحت درج ذیل ترتیب سے وقت مقرر کرتا ہوں۔ پارلیمانی لیڈرز کے لئے بیس منٹ اور ممبران صاحبان کے لئے دس دس منٹ، لہذا آپ سے گزارش ہے کہ مقرر کردہ وقت میں بجٹ کے حوالے سے اپنی تجاویز پیش کریں، نیز غیر ضروری بحث سے اجتناب کیا جائے، شکریہ۔ جی، اکرم خان درانی صاحب۔

سالانہ بجٹ برائے مالی سال 23-2022 پر عمومی بحث

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): جناب ڈپٹی سپیکر صاحب، آپ کا شکریہ۔ آج چونکہ پہلا دن ہے اور نئے سال کے بجٹ پر آپ نے مجھے بحث کا موقع دیا، بجٹ پورے سال کے لئے آمدن اور اخراجات کا تخمینہ ہوتا ہے کہ ہم کتنا خرچہ کرتے ہیں اور ہماری آمدن کتنی ہیں؟ اگر آمدن زیادہ اور اخراجات کم ہوں تو

بجٹ سر پلس کہلاتا ہے لیکن یہاں حکومت نے آمدن اور اخراجات کو برابر ظاہر کیا ہے، اس لئے بجٹ کو متوازن بنایا ہے۔ بجٹ تقریر میں ہمارے وزیر خزانہ نے پہلا جو نکتہ اٹھایا کہ قبائلی ضم علاقوں کے ساتھ وفاقی حکومت نے پہلی بار اتنی کم رقم دی ہے کہ وہ تنخواہوں کے لئے بھی ناکافی ہے، پچھلے تین سالوں میں عمران خان نے قبائلی اضلاع کے لئے بجٹ چالیس فیصد سے بڑھا کر ایک سو تیس ارب کیا، ہمارے وزیر خزانہ کو پتہ ہوگا اور پتہ ہونا بھی چاہیئے کہ عمران خان نے قبائلی اضلاع کے لئے ہر سال سو(100) ارب روپے دینے کا وعدہ کیا تھا، ہر سال بجٹ میں ہم قبائلی اضلاع کو سو(100) ارب روپے دیں گے جو تین سالوں میں تین سو(300) ارب بنتے ہیں۔ عمران خان نے پچھلے تین سالوں میں تین سو(300) ارب سے کم کرکے ایک سو تیس(130) ارب کردیئے، ایک سو ستر (170) ارب روپیہ کم کیا جو کہ قبائلی اضلاع کے ساتھ بہت بڑی زیادتی ہے۔ وہ Commitment جو وفاقی حکومت نے قبائلی اضلاع کے ساتھ کی تھی، اس کے بالکل نفی ہے۔ اس کے علاوہ پورے تین چار سالوں میں ضم شدہ اضلاع کے لئے کوئی میگا پراجیکٹ نہیں دیا گیا ہے، خواہ وہ بڑے ہاسپٹل کی شکل میں ہو، وہ یونیورسٹی اور کالجوں کی شکل میں ہو، وہاں پر بھرپور انداز سے قبائلی اضلاع کو بالکل جو پہلے کچھ کیا جاتا تھا، اس کو Zero پر لایا اور جو کچھ دیا گیا وہ بھی استعمال نہیں ہوا، وہ بھی واپس آتا تھا۔ جناب ڈپٹی سپیکر صاحب، آپ کو میری پچھلی تقریر یاد ہوگی، میں نے کہا تھا کہ اس کے لئے ٹرسٹ بنائیں کہ جو پیسہ قبائلی اضلاع میں جاتا ہے وہاں پر استعمال نہیں ہوتا ہے، کہیں پر لاء اینڈ آرڈر کا مسئلہ ہوتا ہے، کبھی دوسرا مسئلہ ہوتا ہے، اس کو ٹرسٹ میں رکھیں اور جو نیا بجٹ آتا ہے، جو بچا ہوا ہوتا ہے، اس کو اکٹھے دے دیں لیکن میری اس تجویز کو اہمیت نہیں دی گئی، یہی وجہ ہے کہ آج قبائلی اضلاع بالکل نظر انداز ہیں۔ میں تو نئے وزیر اعظم شہباز شریف صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے قبائلی اضلاع کے منتخب لوگوں کو اپنے ساتھ لے جا کر وہاں میرانشاہ میں انہوں نے میگا پراجیکٹ کے لئے بہت بڑے اعلانات کئے، (تالیاں) انہوں نے وہاں پر یونیورسٹی بھی جو پی ایس ڈی پی میں شامل ہے، ہاسپٹلز کے لئے فنڈز دیئے ہیں، روڈز کے لئے فنڈز دیئے ہیں، جناب وزیر خزانہ صاحب نے نیٹ ہائیڈل پرافٹ کا ذکر کیا ہے کہ تین سالوں میں عمران خان کے، میں حکومت سے، وزیر خزانہ سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس کے لئے ہم نے صوبائی حکومت کی، سپیکر کی سربراہی میں، جس میں شاید آپ بھی تھے، ایک کمیٹی بنائی،

اپوزیشن اور گورنمنٹ کی ایک کمیٹی بنے اور نیٹ ہائیڈل میں جو ہمارا پرافٹ ہے، جو ہمیں رائیلٹی ملتی ہے وہ ہمیں ملے۔ ہم نے اس وقت بھی اپوزیشن میں بابک صاحب بیٹھے ہیں، وہ میرے ساتھ کمیٹی میں تھے، خوشدل خان بھی تھے، ہمارے اور بھی ایم پی ایز تھے، ہم نے گورنمنٹ کو مشورہ دیا کہ یہ آپ کی خوش قسمتی ہے کہ اس صوبے میں بھی آپ کی حکومت ہے، مرکز میں بھی آپ کی حکومت ہے، ایسا موقع کبھی آیا ہی نہیں ہے، ہم اپوزیشن آپ کے ساتھ ہیں، اگر آپ اپوزیشن کو اسلام آباد لے جانا چاہتے ہیں، یہ میرے گواہ موجود ہیں، ہم سارے آپ کے ساتھ جائیں گے، ایک بار نہیں، پانچ چھ میٹنگز ہوئیں، میرے خیال میں حمایت اللہ خان کو جو ایڈوائزر مقرر کیا تھا، اس نے بڑی محنت کی لیکن آخر میں سپیکر کی کمیٹی بھی ختم ہوئی، مجھے پتہ نہیں کہ اب حمایت اللہ خان ہیں کہ نہیں؟ وہ بھی چلا گیا، وہ بھی لڑنے والا آدمی تھا، آپ کیوں لڑتے ہیں؟ وہ ہٹا یا گیا، ابھی ہمیں اس فنڈ سے محروم کیا گیا۔ ہمارے وزیر خزانہ صاحب نے نیٹ ہائیڈل پر بجٹ میں بات کی، ہمیں یہ بتادیں کہ ہمارا نیٹ ہائیڈل میں ہمارا کتنا شیئر ہے، ان تین سالوں میں ہمیں کتنا دیا گیا ہے؟ اگر ہماری صوبائی حکومت نیٹ ہائیڈل میں کامیاب ہوتی جو کہ ہمارے صوبے کا حق ہے، جناب ڈپٹی سپیکر صاحب، جب میں چیف منسٹر تھا، اس وقت ہم نے کوشش کی تھی کہ ایک سو دس (110) ارب روپے کا Claim بھی کیا تھا، وہ پیسے بھی آئے ہیں اور جو چھ ارب تھے اس کو بھی Upgrade کیا، صوبائی حکومت ہمیں بتادے کہ ان تین چار سالوں میں انہوں نے نیٹ ہائیڈل کے لئے کیا کام کیا؟ گیس کے لئے جو ہماری رائیلٹی آتی ہے، اس پر بھی ہمیں وضاحت دی جائے۔ دوسرا ہمیں یہ بھی بتایا جائے کہ اس صوبے کی اپنی بھی آئل اینڈ گیس کی کمپنی ہے جو کہ امیر حیدر خان ہوتی صاحب کے وقت میں بنی تھی، پرویز خٹک صاحب کے وقت میں تھی، شاید ابھی بھی ہے، اس کمپنی نے گیس میں اس صوبے کے لئے کیا کیا ہے؟ اس کے اخراجات بھی بتائے جائیں۔ انہوں نے جو کام کیا ہے، اس کی اگر کوئی آمدن ہے تو وہ بھی بتائی جائے، ہم نے کوشش کی تھی، جب میں وفاقی وزیر تھا تو ہم نے چار کمپنیاں لائیں، ایک بنوں ویسٹ، ایک ایف آر بنوں میں بی جی پی کمپنی چائنیز کی تھی، ایک اور تھی، انہوں نے وہاں شمالی وزیرستان میں سروے کیا، ایک کمپنی ہم نے لکی مروت بھیجی تھی، ایک بی جی پی کمپنی جو تھی وہ ہم نے ٹانک بھیجی تھی، ابھی میں اس صوبے کے عوام کو مبارکباد دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے کرم سے شمالی وزیرستان میں تین سو کیوبک فٹ گیس اور تیل کے ذخائر

نکلے ہیں، اس پر بھی میں وزیر اعظم صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں، جب ہم نے اس سے بات کی، اس نے اجازت دی، موجودہ پی ٹی آئی حکومت نے گیس پر پابندی لگائی ہے، نہ کنکشن ہوگی نہ ایک فٹ پائپ لگے گا لیکن اس کو ختم کرکے وزیر اعظم نے کہا کہ یہ اس علاقے کا حق ہے، وہاں پر شمالی وزیرستان، بنوں کا جو ایریا ہے، اس میں میں اجازت دیتا ہوں کہ یہ گیس ان لوگوں کے لئے استعمال کی جائے۔ لکی میں جو ہماری گیس نکلی ہے، وہ اتنی زیادہ ہے، اس پر میں نے میٹنگ کی، میرے بیٹے ڈپٹی سپیکر، زاہد اکرم درانی اور اسعد محمود نے بھی میٹنگ کی، وہاں پر ابھی اس کمپنی سے اتنا وافر مقدار میں تیل شروع ہونے والا ہے کہ وہ ہمارے جنوبی اضلاع کی ضرورت سے زیادہ ہوگا لیکن ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ لکی کی جو گیس ہے وہ پہلے مرحلے میں لکی مروت، ٹانک، ڈی آئی خان اور بنوں کو ملے گی، کرک کی جو گیس ہے وہ ہم ان اضلاع میں پھر لائیں گے، ہمارے اس صوبہ خیبر پختونخوا کو جو ڈائریکٹ لائن آرہی ہے، درہ آدم خیل سے وہ بڑی لائن بھی میں نے لائی تھی جو حیات آباد کے ساتھ نکلی ہے، میں اپنے فنانس منسٹر اور کوئی انرجی کا انچارج منسٹر بھی ہوگا، اس سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ پانچ سال پرویز خٹک کی حکومت تھی، چار سال محمود خان صاحب کی حکومت کے ہوئے ہیں، مجھے یہ بتادیں کہ ہائیڈل میں انہوں نے کتنا کام کیا ہے؟ انہوں نے آٹھ نو سالوں میں گیس کا کوئی ایک کنواں نکالا ہو تو یہاں پر اس فورم کو بتایا جائے۔ میں جو بات کرتا ہوں، میں اس عمر میں اس حیثیت میں پھر وہ بات کروں گا کہ جو میرے پاس Proof ہوگا، میں نے اپنے بارے میں اپنی حکومت اور اپنی جماعت کی جو بات کی ہے وہ ان شاءاللہ ریکارڈ پر ہوگی، اس پر میں اس ایوان میں شجاع علی خان (جی ایم) کو بلا سکتا ہوں، یہ بریفنگ دے دیں کہ بالکل واقعی ہے، اس میں کوئی دوسری بات نہیں ہے۔ جناب ڈپٹی سپیکر صاحب، ابھی یہاں پر بجٹ تقریر سے تو لگتا تھا کہ ہم نے صوبے کی ترقی سے زیادہ پاکستان کی ترقی بیان کرنے کی کوشش کی ہے، ہم نے وفاقی حکومت میں اتنے بڑے کام کئے ہیں، حقائق کو چھپانے کی کوشش کی گئی ہے، نہ تو کرنٹ بجٹ خسارے کے ساتھ صوبے کا کوئی واسطہ ہے، مجھے حیرانگی ہے کہ میرے وزیر خزانہ نے اس پر بات کیوں کی ہے؟ جس کام کے ساتھ آپ کا واسطہ نہیں ہے، اس کو بیان کرنے کی ضرورت کیا ہے؟ اگر وزیر خزانہ صاحب کوشش کرتے، وفاق سے آئل، گیس اور بجلی میں کامیاب ہوتے تو جو ہمارے ہائیڈل کا ہے، آج اس فلور پر میں وہ آدمی ہوں کہ اس کو شاباش دیتا، پی ٹی آئی گورنمنٹ کو بھی میں شاباش دے دیتا،

ہم حقائق چھپانے والے نہیں ہیں لیکن وہ حکومت کی نااہلی تھی، کبھی بھی پاکستان کی تاریخ میں کوئی بھی حکومت قانونی راستے سے عدم اعتماد پر نہیں گئی ہے، یہ اس کی مکمل نااہلی تھی کہ وہ حکومت عدم اعتماد کے ذریعے ختم ہو گئی۔ ابھی جو ڈرامے بنائے جا رہے ہیں، کبھی امریکہ آتا ہے، کبھی کون آتا ہے، یہ لوگ امریکہ کی مخالفت میں بات کرتے ہیں، یہ تو اس کے پلے ہوئے لوگ ہیں، "میری بلی مجھے میاؤں"، یہ بھی کوئی عقل والی باتیں ہیں؟ ابھی ٹوٹل انٹیلی جنس ادارے، آئی ایس پی آر کی روزانہ Statement آتی ہے کہ اس میں کوئی حقیقت نہیں ہے، یہ سارا ڈرامہ ہے، یہ ڈرامے زیادہ دیر تک نہیں چلتے۔ ایک ڈرامہ جب مشہور ہو جاتا ہے، فلم مشہور ہو جاتی ہے، دو تین بار جب لوگ دیکھ لیتے تو لوگ تھک جاتے ہیں، اس کے بعد اس ڈرامے کو لوگ نہیں دیکھتے ہیں۔ میرے خیال میں یہاں پر اس کو بیان کرنے کا کوئی کام نہیں تھا لیکن پھر بھی اس کو بیان کرنا میرے خیال میں وزیر خزانہ صاحب کی مجبوری بھی ہو گی۔ جناب ڈپٹی سپیکر صاحب، ابھی میں آتا ہوں بجٹ 23-2022ء پر، کہ کل تخمینہ تیرہ سو بتیس (1332) ارب روپے ہے، آپ کے یہاں پر پیش کردہ بجٹ کے حوالے سے جس میں جاری اخراجات کے لئے نو سو تیرہ اعشاریہ آٹھ (913.8) بلین، میرے خیال میں اگر ہاؤس کو ذرا ادب پر لائیں۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: .Order in the House فضل الہٰی صاحب، آپ کی آواز کافی Loud آ رہی ہے، آپ باتیں نہ کریں۔ پختون یار صاحب، آپ بھی۔

<u>قائد حزب اختلاف</u>: آپ کے ساتھ میں نے اپنی اپوزیشن کو بھی کہا تھا کہ آپ سندھ جیسا واقعہ نہ لائیں ورنہ ہمارا وزیر خزانہ بھی بار بار پانی پیتا، اگر وہ حال ہم کرتے، ہم نے تو اس صوبے کی روایات پر آپ لوگوں کو وقار کا راستہ دیا ورنہ آپ کو معلوم ہے کہ ہم پھر Disturbance بھی کر سکتے تھے اور کیا بھی ہے۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: آپ کی باری ہے، ابھی تو Disturbance نہ کریں۔

<u>قائد حزب اختلاف</u>: اپوزیشن لیڈر اور چیف منسٹر کی جو بات ہوتی ہے، اس کو لوگ ادب سے سنتے ہیں، ادب ان لوگوں کو معلوم ہوتا ہے لیکن میں اس کے بارے میں کیا کہہ دوں، ابھی یہ ہے کہ نو سو تیرہ اعشاریہ آٹھ (913.8) روپے مختص کئے ہیں، ترقیاتی بجٹ کے لئے صرف چار سو اٹھارہ اعشاریہ دو (418.2) ارب روپے رکھے ہیں، ہمارے کل محصولات تیرہ سو بتیس (1332) ارب، اس لئے اس کو متوازن کہتے ہیں۔

ابھی میں اس پر آتا ہوں کہ کل محصولات، صوبے میں اپنی آمدن صرف پچاسی (85)ارب اور اگر آپ نیشنل ہائیڈل، تیل اور گیس کی رائیلٹی سرچارج اور دیگر محصولات کو جمع کریں تو وہ تین سو نواسی اعشاریہ سات (389.7) ہیں، یہ اس بجٹ کا انیتس اعشاریہ دو (29.2) فیصد بنتا ہے، کل بجٹ کا انیتس اعشاریہ دو (29.2) بنتا ہے، باقی ستر (70) فیصد آمدن وفاق یا بیرونی امداد کی شکل میں ہے۔ ابھی اس صوبے کا ہم پر بھی اتنا حق ہے کہ جتنا گورنمنٹ پر ہے، اگر آپ کا اپنا بجٹ انیتس (29) فیصد ہے، وفاق آپ کے ساتھ تعاون نہ کرے تو انیتس (29) فیصد میں سے آپ تقریباً ستر (70) فیصد وفاقی گورنمنٹ اور بیرونی امداد کے رحم و کرم پر ہیں، میں بڑے ادب سے کہتا ہوں کہ یہاں سے جو تقریریں ہوتی ہیں وہ صرف نمائش کے لئے تو اچھی ہیں لیکن صوبے کے مفاد کے لئے اچھی نہیں ہیں، خدارا ان تقریروں کا اگر غلط اثر ہوا، یہ فنڈز اگر رکے تو ہم بالکل زمین پر بیٹھ جائیں گے۔ میری ادب سے گزارش ہے کہ ہم آج بھی صوبے کے حوالے سے بھرپور ساتھ دیں گے اور پہلے بھی ہم نے حق ادا کیا ہے لیکن گورنمنٹ نے ہمیں کوئی توجہ نہیں دی، ہماری اپوزیشن کی بھی کوئی اہمیت ہے، اپوزیشن جب ساتھ ہوتی ہے تو ایک ہاتھ کی تالی سے آواز نہیں بنتی، جب دونوں ہاتھ ملتے ہیں تو تالیوں کی آواز نکلتی ہے۔ جناب سپیکر، میں واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ یہاں پر کہا گیا کہ وفاقی حکومت نے کم پیسے بھیجے ہیں، اگر میری یہ باتیں وزیر خزانہ صاحب نوٹ کرتے جائیں اور پھر مجھے جواب بھی دے دیں، یہاں پر فیڈرل کی طرف آپ کی جو ڈیمانڈ تھی وہ 559 ارب روپے اور فیڈرل نے آپ کو پانچ سو انسٹھ (559) ارب کے بجائے پانچ سو نوے (590) ارب دیئے ہیں جو کہ آپ کے بجٹ کے ریکارڈ پر ہے، یہ بات نہیں ہونی چاہیئے کہ ہمیں وفاق سے فنڈز کم ملے ہیں، صوبائی حکومت ہر سال بجٹ متوازن ظاہر کرنے کے لئے آمدن کا تخمینہ زیادہ لگاتی ہے، 22-2021ء کے بجٹ میں ترقیاتی فنڈ تین سو اکہتر (371) ارب روپے کا تخمینہ تھا لیکن سال کے آخر میں Revised کر کے تین سو انچاس (349) ارب کر دیا، اسی طرح 22-2021ء میں ٹوٹل بجٹ کا تخمینہ گیارہ سو اٹھارہ اعشاریہ چار (1118.4) ارب روپے تھا لیکن Revised میں نو سو اکہتر (971) ارب کر دیا گیا۔ جناب سپیکر، اگر وہ آمدن کا تخمینہ صحیح تھا تو اخراجات بھی کم ہوئے ہوں گے، جو بچت ہوئی ہے وہ ایک سو ستاسی اعشاریہ چار (187.4) ارب بچت ہوئی ہے، بجٹ میں وہ بچت کہاں دکھائی گئی ہے اور اگر اتنے پیسے بچ گئے ہیں تو یہ بھی میں ایوان کے ممبران

کے توسط سے فنانس منسٹر اور حکومت سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ اگر ایک سو ستاسی اعشاریہ چار (187.4) ارب بچت ہوئی ہے، آپ نے وہ بچت بجٹ میں کہاں پر دکھائی ہے؟ اس کی بھی ہمیں بتادیں، ہمیں تو بہت بڑی بڑی کتابیں تھمادی گئی ہیں، آپ نے بھی لے لی ہوں گی، ہم نے بھی لے لی ہیں لیکن جو اصلی اور چھوٹی سی کتاب ہے وہ کسی ممبر کو نہیں دی گئی، وہ ہے Annual Budget Statement، یہ ہمیشہ دیا کرتا تھا، پھر ہم بیٹھ کر اس سے صحیح وہ نکالتے لیکن ہمارے ساتھ فنانس منسٹر صاحب نے جو کام کیا ہے، وہ خود کہتے ہیں کہ مجھے بھی دیکھنے کے لئے صرف ایک دن اور ایک رات ملی ہے، میں نے جب منسٹر صاحب سے پوچھا کہ ہمیں تو نہیں دی ہے، انہوں نے کہا کہ آپ باقی بڑی بڑی کتابوں سے خود نکالیں، میرے خیال میں ہمارے ساتھ نہیں، بلکہ اپنے معزز ممبران کے ساتھ جو کچھ کیا ہے، کسی کو پتہ نہ چلے کہ ہم اس کو کس طریقے سے ٹٹولیں؟ باقی اے ڈی پی اور وائیٹ پیپر میں وہ ٹیبل پر موجود نہیں ہے جس میں سے ہم Allocation اور Expenditure کی Comparison کر سکیں، وہ اسی میں ہوتا ہے، صحت کارڈ، پناہ گاہ، Poor اور Food free کی تو بات کی جاتی ہے کہ ہم نے لوگوں کو کھانا دیا، ہم نے صحت کارڈ دیا لیکن اس کی کہیں پر بھی یہ وضاحت نہیں ہے کہ کس کو دیا، کہاں پر دیا؟ جناب سپیکر، میں اس ایوان اور آپ کے توسط سے فنانس منسٹر اور حکومت سے التجاء کرتا ہوں کہ لنگر خانے بھی بتادیں کہ کہاں پر ہیں، کن لوگوں نے کھانا کھایا ہے؟ کتنے صحت کارڈ ہیں، کتنے غریبوں کو امداد دی ہے؟ اس کے لئے میری حکومت کو تجویز ہے کہ سپیشل آڈٹ بنادیں، اس آڈٹ کی رپورٹ ہماری اسمبلی میں پیش کریں کہ دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو جائے گا۔ جناب سپیکر، وزیر خزانہ صاحب کہتے ہیں کہ ہم نے رواں سال ایک سو چھیاسٹھ (166) ارب روپے ترقیاتی سکیموں کے لئے 1st July 2021 میں ریلیز کر دیئے ہیں، میں وزیر موصوف سے یہ پوچھنا چاہوں گا کہ 1st July کو کیا خزانے میں ایک سو چھیاسٹھ (166) ارب روپے موجود تھے؟ یہ 1st July کو ایک سو چھیاسٹھ (166) ارب روپے جو آپ نے ریلیز کئے ہیں، کیا یہ خزانے میں موجود تھے؟ اگر اتنے پیسے موجود نہ تھے تو آپ نے کیسے ریلیز کئے ہیں؟ میری التجاء ہے کہ حکومت کو نہیں چھپانا چاہیئے، جو سچ ہے وہ ہمیں بتا دے کہ ایوان کے معزز ممبران کا اس حکومت اور وزیر خزانہ پر اعتماد بڑھے، اس کی بھی ہم وضاحت چاہتے ہیں۔ میں ایک اور ایسی چیز جو مجھے یاد ہے، میں جب چیف منسٹر تھا تو اس صوبے پر اٹھائیس (28) ارب روپے

قرضہ تھا، میں نے محنت کرکے اس قرضے میں سولہ (16) ارب واپس کیا۔ امیر حیدر خان آگئے، میری گزشتہ معلومات میں وہ ستاسی (87) یانوے (90) ارب پر چلا گیا، ابھی میں نے وائٹ پیپر کے صفحہ نمبر 36 پر دیکھا تو آپ کا ٹوٹل قرضہ، جو گورنمنٹ کا وائٹ پیپر ہے، وہ قرضہ تین کھرب تیرہ (13) ارب، یہ میں نے وائٹ پیپر سے لیا ہے، صفحہ نمبر بھی میں بتاتا ہوں، یہ صفحہ نمبر 36 پر ہے، کہیں پر ستاسی (87)، کہیں پر سولہ (16) اور کہیں پر تیرہ (13) ارب تیرہ (13) کروڑ، ابھی اس سال ہم نے واپسی کرنے ہیں، یہ بھی وائٹ پیپر میں ہے کہ ہم نے جو سولہ (16) ارب Principal amount وہ واپس کرنے ہیں، اس پر جو انٹرسٹ ہے وہ 4.2 ارب اور جو Debt services ہے وہ دو (2) ارب ہے، بائیس (22) ارب روپے ہم واپس کریں گے۔ جناب سپیکر، مجھے یہ بھی بتایا جائے کہ یہ تین (3) کھرب تیرہ (13) ارب روپے میں اس صوبے میں کونسا وہ میگا پراجیکٹ بنا ہے؟ اس کی نشاندہی ہمیں کی جائے کہ اتنا قرضہ ہم نے لیا، اس پر ہم نے صوبے میں اتنے ہسپتال بنائے ہیں، اس پر ہم نے اتنے بڑے بڑے کام کئے، یہ بھی ہم پوچھیں گے، ریکارڈ پر بتائیں کہ صوبائی حکومت نے اس حوالے سے کتنا کام کیا ہے؟ اگر سارے پیسے صحت کارڈ پر اور صحت کارڈ کے بارے میں ابھی آڈٹ کی رپورٹس ہیں کہ وہ سات لاکھ ٹوٹل ہیں لیکن یہ پیسے چودہ (14) لاکھ ہیں، سات لاکھ انشورنس سے، انہوں نے چودہ (14) لاکھ انشورنس سے جو کہ اربوں اور کھربوں میں ہے، اس میں بھی ہم پوچھنا چاہتے ہیں، جناب ڈپٹی سپیکر صاحب، میں نے پچھلی دفعہ بھی یہ گزارش کی تھی کہ یہاں پر ہمیں وہ صحت کارڈ بتا دیں کہ پورے صوبے میں کس کس کو ملے ہیں، اس پر کتنے پیسے ملے ہیں، کورونا کے فنڈ میں جو یہاں پر Equipments خریدے ہیں، اس میں کتنی کرپشن ہوئی ہے؟ اس کی بھی ہمیں تفصیل بتائی جائے۔ ابھی میں آتا ہوں، موضوع تو اس کے ساتھ زیادہ نہیں ہیں لیکن دو تین مسئلے جو بڑے اہم ہیں، آپ سے اجازت چاہوں گا، ہمارے خلیفہ گل نواز بنوں ہسپتال میں تمام ڈاکٹرز ہڑتال پر ہیں، صوبے کے سارے Young doctors ادھر پہنچے ہیں، ابھی انہوں نے فیصلہ کیا کہ شہر کے سارے پرائیویٹ کلینکس کو بھی بند کیا جائے، کسی بیمار کے لئے نہ ہسپتال میں جگہ ہے اور نہ پرائیویٹ میں جگہ ہے، ان کی کل کی ایک ویڈیو ہے کہ Young doctors کے جنرل سیکرٹری نے جا کر بنوں میں ایک پریس کانفرنس کی ہے، وہ ویڈیو میں آپ کے موبائل پر بھیج دوں گا، آپ وہ سنیں، جب آپ سنیں گے تو آپ حیران ہو جائیں گے، ان

کے ساتھ جو حقائق ہیں، ساتھ جو ڈاکیومنٹس ہیں، ابھی او پی ڈی بھی بند ہے، ہسپتال بھی بند ہے، پرائیویٹ کلینکس بھی بند ہیں، لوگ روڈوں پر ہیں، ان کا اعتراض کیا ہے؟ ان کا اعتراض یہ ہے کہ Board of Governors میں نااہل لوگوں کو بٹھایا ہے اور بورڈ کے ممبروں نے تمام اپوائنٹمنس اپنے رشتہ داروں کی کی ہیں، وہاں پر جو گیس کی ضرورت ہے، اس میں بھی کرپشن ہے، میرے خیال میں اگر آپ اس کا نوٹس لے لیں، میری آپ سے درخواست ہوگی کہ اس کے لئے ہیلتھ کمیٹی میں اس پر کام کیا جائے، ان ڈاکٹرز کو بلایا جائے، باقی میں اس پر تفصیلی بحث کٹ موشنز پر کروں گا، جب ہیلتھ کی کٹ موشن آئے گی۔ تیسری بات یہاں پر میں نے اپنے فنانس منسٹر کو کل دیکھا کہ بجٹ پاس ہونے پر بڑا خوشی سے جھوم رہا تھا، میں بھی اس کو خوش دیکھنا چاہتا ہوں کیونکہ وہ میرے دوست کا بیٹا ہے، میں بھی خوش ہوتا ہوں، میں نے جب فیس بک اور واٹس ایپ پر دیکھا تو میں بھی بڑا خوش ہوا، مجھے پتہ نہیں ہے کہ یہ اس پر خوش تھا کہ بجٹ پاس ہوا یا اس پر خوش ہوا کہ NTS کے جو بیچارے ٹیچرز تھے، ان کو یکم جولائی سے وہاں پر Permanent کیا ہے، یہ اس وقت Permanent کئے جب پنشن ختم کی، اس پر بھی میری گزارش ہے کہ ان اساتذہ کی جس دن سے تقرری ہوئی ہے، خدارا غریب لوگ ہیں، اساتذہ کے پاس سائیکل ہوتا ہے یا موٹر سائیکل ہوتا ہے، بیس گریڈ کے پرنسپل کے پاس بھی موٹر سائیکل کے علاوہ کوئی Car نہیں ہوتی ہے، اگر اس کی پنشن کو بھی آپ ختم کرتے ہیں تو پھر تو وہ بیچارہ سائیکل پر بھی نہیں جائے گا، پھر میرے خیال میں دور دراز کے سکولوں میں پہنچ بھی نہیں سکے گا، اس پر بھی حکومت نظر ثانی کرے اور جو تقرریاں جس دن سے ہوئی ہیں، انہی تقرریوں کو بنیاد بنا کر پنشن ختم نہ کریں، مستقبل میں جو بھی کرتے ہیں لیکن جو پہلے سے لوگ بھرتی ہیں، ان کے ساتھ زیادتی نہ کی جائے۔ ایک بڑا سنگین مسئلہ ہے، اس لئے میں تمام مسئلے آپ لوگوں کے سامنے رکھتا ہوں، ماننا نہ ماننا میرا اختیار نہیں وہ آپ کا ہے لیکن بڑے ادب سے میں آپ کے سامنے ان مسائل کو رکھتا ہوں۔ اس وقت صوبے کے زیادہ ایسے مسائل ہیں، وہ یہ ہیں کہ پورے صوبے میں تمام کنٹریکٹرز نے 2 جولائی سے ہڑتال کی ہے کہ ہمارے جو کام ہیں وہ بھی بند کریں گے اور موجودہ جو ٹینڈرز ہوں گے وہ بھی نہیں لیں گے کیونکہ ابھی جو سٹیل کا ریٹ ایک لاکھ پر تھا وہ دو لاکھ بیس ہزار پر گیا ہے، سیمنٹ کی بوری مجھے معلوم نہیں کہ نو سو (900) ہے یا بارہ سو (1200) پر گئی ہے، ایک ہزار پر گئی ہے، ابھی اس کو

Escalation دی جارہی ہے، وہ کتنی ہے؟ وہ دس فیصد، ابھی اگر ایک لاکھ کا سٹیل ہے تو اس پر دس ہزار دیں گے لیکن اب ایک لاکھ سٹیل کی قیمت بڑھ کر ایک لاکھ 20 ہزار پر ہے، حکومت اس پر بھی نظر ثانی کرے۔ جناب ڈپٹی سپیکر صاحب، اس طرح پہلے بھی ذوالفقار علی بھٹو صاحب کے وقت میں ہوا تھا، انہوں نے اس وقت چوراسی (84) فیصد Premium دیا تھا، یہی مسئلہ اس وقت بھی درپیش تھا، میری گزارش ہے کہ سی اینڈ ڈبلیو کا وزیر یا وزیر اعلیٰ صاحب صوبے کی کنٹریکٹر برادری کے ساتھ بیٹھ کر افہام و تفہیم سے مسئلہ حل کریں۔ میں وزیر خزانہ صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ وفاق نے پندرہ فیصد اضافہ کیا لیکن یہ اس کے مقابلے میں آکر سولہ فیصد کیا، اس پر مبارک باد پیش کرتا ہوں، کاش اس طرح یہ تین سال پہلے بھی کرتا، یہ تو ہم نے آپ کو مجبور کیا ہے کہ آپ نے ایک فیصد زیادہ اضافہ کیا ہے، اگر پندرہ فیصد نہ کرتے تو یہ آپ کے لئے تین سال میں میرے خیال میں کچھ بھی نہیں تھا، ہمیں تین سال کا بھی ریکارڈ دیا جائے کہ تین سال میں یہاں پر جو غریب گورنمنٹ سرونٹ ہے، اس کی تنخواہ میں کتنا اضافہ کیا ہے؟ وہ بیچارے تو اسلام آباد میں روڈوں پر ہوتے تھے، پشاور میں روڈوں پر ہوتے تھے، ان کے ساتھ جو ایک Commitment ہوتی تھی، اس ایک Commitment پر بعد میں عمل نہیں ہوتا تھا، جب ہمارے پاس آتے تھے تو ہمیں کہتے کہ ہمارے ساتھ ہاتھ ہو گیا، ابھی بڑے لیول پر وزیر اعظم کی حیثیت سے وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے Commitment جو ہوتی ہے، اس کو Honor نہ ہونا، یہ اس کرسی کی توہین ہے، اگر آپ جس کرسی پر بیٹھے ہیں، جناب سپیکر کی کرسی پر بیٹھے ہیں تو آپ سپیکر صاحب ہیں، اگر آپ کی رولنگ کو کوئی وزن نہ دے تو یہ آپ کی توہین نہیں ہے، یہ اس ایوان کی توہین ہے، آپ کی کرسی اور آپ کی ذات کی بھی توہین ہے۔ وہاں پر اس طرح ہوا، میں اس پر بھی اس حق میں ہوں جناب ڈپٹی سپیکر صاحب، مہنگائی جس حد سے بڑھی ہے، یہ پندرہ فیصد سے بھی زیادہ ہونی چاہیئے، ابھی مجھے عجیب سالگ رہا ہے کہ چار سال جن لوگوں نے حکومت کی، جنہوں نے IMF سے معاہدے کئے ہیں وہ بھی کہہ رہے ہیں کہ آپ لوگوں نے قیمتیں بڑھائیں، اگر آپ کا Agreement ہم نہ مانتے تو یہ ملک سری لنکا بنتا، جوں ہی عمران خان کو پتہ چل گیا کہ میں جانے والا ہوں، اس نے تیس فیصد پٹرول اور اس پر سبسڈی دینا شروع کی، یہ گیارہ سو (1100) ارب مہینے کا اس ملک کا نقصان ہوتا تھا، ابھی حکومت کے پاس کوئی چارہ نہیں تھا، اگر وہ اس کو نہ

کرتے تو آخری قسط نہیں ملتی، اگر آخری قسط نہیں ملتی تو پھر ہم سری لنکا سے بھی ایک ہاتھ آگے جاتے، کیونکہ ہمارے لئے تو ایٹم بم کے حوالے سے ویسے بھی لوگ بہانہ بنا رہے ہیں کہ کوئی چیز ہو کہ ہم اس میں ادھر اندر جائیں۔ ایک دو اور باتیں بھی ہیں لیکن میں نے وقت زیادہ لیا، کٹ موشنز آرہی ہیں، ہم اپوزیشن نے فیصلہ کیا ہے کہ ہم ہر کٹ موشنز پر مکمل بحث کریں گے اور کوشش بھی کریں گے کہ ہم آخری کٹ موشن تک ایک ایک چیز خواہ وہ کرپشن ہو یا جو غلطیاں ایجوکیشن میں ہوئی ہیں، ہیلتھ میں ہوئی ہیں، ایک چیز میں بتاتا ہوں، وہ مجھے پیارا بھی لگ رہا ہے اور مجھے ہنسی بھی آرہی ہے، میں محکمے کا نام نہیں لوں گا کیونکہ اس کے ساتھ میری محبت کا رشتہ ہے، اس طرح ایک دو اور بھی ہیں، ہم اس پر Proof کے ساتھ آپ کے سامنے ڈیٹیل رکھیں گے۔ ابھی ڈپٹی سپیکر صاحب، پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار ہمارے خوبصورت علاقوں میں سات ہزار پانچ سو (7500) جگہوں پر آگ لگائی جاتی ہے، وہاں پر تاریخ میں کبھی آگ نہیں لگی ہے، میں نے وزیر اعظم سے بھی اس کی بات کی ہے کہ FIA کے ذریعے تحقیقات کرائیں، IB کے ذریعے تحقیقات کرائیں، ہمارا تو خدشہ یہ ہے کہ یہ سارا کام بلین ٹریز سونامی والوں کا ہے لیکن صوبے کو بھی میرے خیال میں اس پر فوری ایکشن لینا چاہیئے، اس پر ایک رپورٹ آنی چاہیئے کہ اس آگ لگانے کی وجوہات کیا ہیں؟ اس کو اس ایوان کے ممبران کے سامنے پیش کیا جائے۔ اس پر جب مجھے ایک رپورٹ وفاق کی طرف سے وزیر اعظم کی دفتر کی طرف سے ملے گی تو وہ بھی اگر آپ نے اجازت دی تو اس ایوان میں ان شاءاللہ دوبارہ آپ کے ساتھ شیئر کروں گا۔ باقی میں وزیر خزانہ سے پوچھتا ہوں کہ یہ تو پختونخوا ہے، اس کا نام بڑی مشکل سے صدیوں سے سیاسی جماعتوں نے لیکن اس میں زیادہ اے این پی کی کوشش تھی، آصف علی زرداری صاحب نے ایک انعام دیا۔ میں وزیر خزانہ صاحب سے پوچھتا ہوں کہ آئینی طور پر آپ نے ایک لفظ بڑھایا ہے، "خوددار صوبہ پختونخوا"، آئین آپ کو اجازت دیتا ہے، صوبے کے نام کے ساتھ اضافی لفظ آئین میں ہے؟ یہ بھی ہمیں بتادیں کہ آپ نے کس بنیاد پر ہمارے صوبے کے ساتھ نام کا اضافہ کیا ہے؟ خود مختار تو ہم مانتے ہیں، جب ایک وزیر اعلیٰ توپوں کے ساتھ اسلام آباد پر چڑھتا ہے تو آپ خود مختار ہیں، اس میں تو کوئی شک نہیں لیکن ہماری اے ڈی پی کی کتاب پر لکھنا، اس کو ہم کورٹ میں بھی چیلنج کریں گے، ہم خوددار لوگ ہیں، سب سے پہلا پشتون خوددار ہے، میں اس دعوے سے کہتا ہوں کہ ہم خوددار ہیں، ہمارے آباءواجداد خوددار

تھے، ہم اس کی اولاد ہیں لیکن خوداری کسی اور چیز پر بتانی چاہیئے کہ جو خودداری کے ساتھ لگتا ہے۔ جناب ڈپٹی سپیکر صاحب، تاریخ یاد دلاتی ہے کہ یہاں پر آپ کے وزیراعلیٰ نے میرے دفتر میں Commitment کی، وزراء بھی ساتھ تھے کہ میں اپوزیشن کو فنڈ دوں گا، ایک پٹھان کی زبان تھی، ایک سوات کے پٹھان کی زبان تھی لیکن افسوس کہ اس پر عمل نہیں ہوا، اس کو خوددار نہیں کہتے ہیں، خوددار تب آپ ہوں گے جب آپ عمل کریں گے، یہ وقت گزرتا ہے، کسی کے ذہن میں بھی یہ نہیں تھا کہ وہاں پر اس کا جو بڑا ہے اس کو ہم اسی طرح بھگائیں گے، ابھی بھی آپ کی حکومت کی پرسوں ایک اینٹ نکل چکی ہے، دیوار سے جب ایک اینٹ نکل جائے تو وہ دیوار مستحکم نہیں ہو گی، ابھی میں بھی صوبے میں آیا ہوں، اس پر ابھی بھرپور طریقے سے کام کریں گے کہ جو باقی اینٹیں ہیں ان کو بھی ہم گرا سکتے ہیں، ہم ایک پٹھان کی حیثیت سے بات کرتے ہیں، خوددار درانی کی حیثیت سے بات کرتے ہیں کہ اس میں ہم کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے، پٹھان وہ ہے جس کے ساتھ کوئی زیادتی ہو جائے تو اس کا بدلہ ضرور لے، جو بدلہ لینے کی پوزیشن میں نہ ہو، میرے خیال میں ہم اس کو پٹھان نہیں کہتے ہیں، وہ اس لفظ کو استعمال نہ کریں۔ آپ کی بڑی مہربانی، اللہ آپ کو خوش رکھے، آپ نے وقت دیا، میں گورنمنٹ کے سارے ممبران کا، اپوزیشن کے ممبران کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں کہ ایک بڑے کی حیثیت سے انہوں نے میری باتیں بڑے غور سے سنیں، یہی ہمارے صوبے کے اصول ہیں، رواج ہے، ہم اس کے امین ہیں، اس کو ہم نے برقرار رکھنا ہے۔ آپ کا بہت بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ جی، سردار حسین صاحب۔

جناب سردار حسین: زہ بہ سبا۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب عنایت اللہ خان صاحب، آپ بھی۔

جناب عنایت اللہ: زہ بہ سبا او کڑم۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب لطف الرحمان صاحب۔

جناب لطف الرحمان: نحمدہ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم اما بعد بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب سپیکر، بہت بہت شکریہ کہ آپ نے 2022-23ء کے بجٹ پر بحث کرنے کے لئے اجازت دی۔ بجٹ پر بات کرنے سے پہلے درانی صاحب نے خود مختار صوبے کے حوالے سے جو نکتہ اٹھایا ہے، دراصل یہ سوال

واقعی تمام ممبران کے ذہن میں ہے کہ ذرا ہمیں حکومت یا وزیر خزانہ صاحب یہ سمجھا سکیں کہ اس خود مختار کا مقصد اور اس کا مطلب کیا ہے؟ وہ سمجھنے کے لئے تمام ممبران بے تاب ہیں کہ ہمیں یہ پتہ چل جائے کہ کیا خود مختاری اس کا نام ہے جو نو سالوں میں آپ نے صوبے کے لئے پورے پاکستان کی تاریخ کا سب سے بڑا قرضہ لیا، کیا اس کا مطلب خود مختاری؟ یا کوئی اور ایسی بات ہوئی ہے جس کی وجہ سے آپ یہ سمجھتے ہیں کہ باقی پاکستان کوئی غلام ہے اور ہمارا جو صوبہ ہے وہ خود مختار ہے، پاکستان کا کوئی آئین اس صوبے کے اوپر لاگو نہیں ہوتا۔ جناب سپیکر، خود مختاری اور خودداری ایک ہی ہے یا پھر خود مختاری اور خودداری کے حوالے سے آپ مجھے یہ سمجھا سکیں کہ شاید آپ اس نعرے کی طرف جانا چاہتے ہیں کہ "خپله خاؤره خپل اختیار" میں اس مقصد کو حکومت سے سمجھنا چاہتا ہوں کہ وہ یہ سوال نوٹ کرے کہ وہ یہ بتا سکے کہ اس کا مقصد کیا ہے؟ پورے ممبران بھی اس کو سمجھ سکیں کہ اس کا کیا مطلب ہے؟ ظاہر ہے کہ آپ نے اس صوبے کو جتنا مقروض کیا ہے، مقروض لوگ خودداری میں نہیں آسکتے، آپ ہاتھ پھیلائیں گے، آپ قرضے لیتے رہیں گے، ادھر آپ نے قرضوں کے حوالے سے پاکستان کے لیول پر جو ریکارڈ رقم کیا ہے، آج آپ اپنے صوبے کا ریکارڈ بھی دیکھیں کہ آپ کا صوبہ کتنا مقروض ہو چکا ہے کہ جو فگرز ہیں وہ تقریباً آٹھ سو (800) ارب تک پہنچے ہیں، آپ ہمیں سمجھا سکیں گے کہ کس حوالے سے یہ خود مختاری ہے؟ جناب سپیکر صاحب، میں یہ بات کروں گا کہ ہمارے وزیر خزانہ صاحب نے ہماری اسمبلی کی بجٹ روایات کے حوالے سے کہا کہ جو بجٹ کی روایات ہیں وہ یہ ہیں کہ ہمیشہ جب بجٹ کی تقریر ہوتی ہے تو وزیر خزانہ صاحب بجٹ کی تقریر سے ادھر ادھر نہیں جاتے لیکن اس دن مجھے عجیب سا لگا کہ وہ اپنی بجٹ تقریر کے دوران سیاسی تقریر کی طرف چلے گئے اور جو بجٹ کے فگرز یا صوبے کے مستقبل کے حوالے سے بات کرنا تھی، اس سے ہٹ کر انہوں نے سیاسی جملے استعمال کئے۔ جناب سپیکر، میں ان سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ آپ جو مرکز کو "امپورٹڈ حکومت" کہتے ہیں، کیا آپ بتا سکیں گے کہ جو روایات آپ کو معلوم نہیں، کیا ایسا تو نہیں ہے کہ آپ کا وزیر خزانہ جو ہمارے صوبے کے ہیں وہ Imported تو نہیں ہیں؟ اس کو یہ اندازہ نہیں کہ ہمارے صوبے کے حالات کیا ہیں؟ مجھے تو ایسا Feel ہوا کہ ہمارے وزیر خزانہ صاحب Imported ہیں، نہ کہ مرکزی حکومت Imported ہے۔ جناب سپیکر، تھوڑا سا بجٹ کے حوالے سے، اس وقت جو صورتحال ہے، چونکہ

ہمارے بہت سارے جو فنڈز ہیں وہ ہمیں مرکز پر انحصار کرنا پڑتا ہے، جولائی تا مارچ مالی سال 2022ء کے دوران قومی بجٹ میں GDP کا مالیاتی خسارہ تین اعشاریہ آٹھ (3.8) فیصد یعنی دو اعشاریہ پانچ چھ چھ (2.566) بلین روپے تھا جبکہ گزشتہ سال جولائی تا مارچ کی مدت میں GDP کا خسارہ تین اعشاریہ صفر (3.0) فیصد یعنی ایک اعشاریہ چھ پانچ دو (1.652) بلین روپے تھا جس کا مطلب ہے کہ رواں مالی سال میں بجٹ پر کنٹرول کمزور ہوا، اگر مرکز میں نااہل حکومت قائم رہتی تو ملک کے معاشی حالات مزید خراب ہو جاتے۔ جولائی تا اپریل مالی سال 2022ء میں کرنٹ اکاؤنٹ کا خسارہ تیرہ اعشاریہ آٹھ (13.8) بلین ڈالر تک جا پہنچا جبکہ پچھلے سال یہ خسارہ پانچ سو تریالیس (543) ملین ڈالر تھا، یعنی ملک کی معیشت انتہائی تیزی سے بربادی کی طرف جا رہی تھی، ڈالر کے مقابلے میں روپے کی بے قدری کی یہ سب سے بڑی وجہ ہے۔ 19 مئی 2022ء کو پاکستان کے کل زرمبادلہ کے ذخائر سولہ اعشاریہ ایک (16.1) بلین ڈالر تک گئے تھے، سٹیٹ بینک کے ذخائر دس بلین ڈالر جبکہ کمرشل بینکوں کے ذخائر چھ اعشاریہ ایک (6.1) بلین ڈالر تھے۔ پچھلے سال تیئیس (23) بلین ڈالر Reserves تھے، سٹیٹ بینک اور کمرشل بینک نے ڈالر کے مقابلے میں روپے کی بے قدری کی، یہ دوسری بڑی وجہ ہے۔ جناب سپیکر، چونکہ اس کے ساتھ بنیادی طور پر مہنگائی بالکل جڑی ہوئی ہے، اس کا تفصیل سے بتانا انتہائی ضروری ہے۔ مئی 2021ء میں شرح تبادلہ یعنی ایک ڈالر کی قدر ایک سو چون (154) روپے تھی جو اس پی ٹی آئی حکومت کے خاتمہ کے وقت ایک سو بانوے (192) روپے تک پہنچ گئی تھی، اس کی دو بڑی وجوہات میں بیان کر چکا ہوں کہ ملک میں مہنگائی کی بڑی وجہ ڈالر کا روپے کے مقابلے میں مہنگا ہونا ہے، چونکہ اس سے درآمدات بھی مہنگی ہوئیں، بیرونی قرضوں پر سود میں بھی بے حد اضافہ ہوا، ڈالر کے Reserves کا کم ہونا، کرنٹ اکاؤنٹ کے خسارے کا بڑھ جانا، ڈالر کا مہنگا ہو جانا، یہ سب پی ٹی آئی حکومت کی ناکامی کے واضح ثبوت ہیں جس پر ہر صاحب عقل کو غور کرنا چاہیئے۔ ملک کی برآمدات میں جولائی تا اپریل مالی سال 2022ء کے دوران ستائیس اعشاریہ آٹھ (27.8) فیصد اضافہ ہوا جس سے برآمدات چھبیس اعشاریہ آٹھ (26.8) بلین ڈالر تک پہنچ گئیں جبکہ درآمدات میں جولائی تا اپریل مالی سال 2022ء کے دوران انتالیس (39) فیصد اضافہ ہوا اور یہ انسٹھ اعشاریہ آٹھ (59.8) بلین ڈالر تک پہنچ گیا، گزشتہ سال تریالیس اعشاریہ صفر (43.0) بلین ڈالر تک پہنچ گیا، نتیجتاً تجارتی خسارہ

بتیس اعشاریہ نو(32.9) بلین ڈالر تک پہنچ گیا جو کہ گزشتہ سال بائیس (22) بلین ڈالر تھا، یعنی برآمدات اور درآمدات میں بڑھتی ہوئی خلیج ملک کو تباہی کے دہانے پر لے جاچکی تھی، ملک کے بڑھتے ہوئے قرضوں اور روپے کے گرتی ہوئی قدر کی یہ بھی ایک وجہ تھی۔ قرض کے متعلق اہم معلومات 2018ء میں اندرونی قرضہ۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: لطف الرحمان صاحب، آپ Reading کر رہے ہیں، آپ Reading نہ کریں، اپنے خیالات کا اظہار کریں، یہ تو ایسا لگ رہا ہے کہ کسی نے آپ کو ایک Paper پکڑا دیا اور آپ اس کی Reading کر رہے ہیں۔

جناب لطف الرحمان: دیکھیں، آپ میری بات سنیں، میں Figures بیان کر رہا ہوں، Figures تو میں زبانی یاد نہیں کروں گا۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں نہیں، Figures تو آپ بالکل پڑھ سکتے ہیں، Figures تو لے لیں لیکن آپ کی ایسی اردو ہے، وہ ایسا لگ رہا ہے کہ کسی نے آپ کو پکڑا دیا ہے۔

جناب لطف الرحمان: جناب سپیکر، Figures کی بات نہیں ہے، Paper کی بات ہے، اس پر سارا Figure لکھا ہوا ہے، آپ کے پچھلے قرضے، موجودہ قرضے اور جو خسارہ ہے، آپ کے Reserves ہیں، اس کے باقاعدہ Figures لکھے ہوئے ہیں، میں Figures quote کر رہا ہوں، وہ بھی لکھ کر کرنے ہیں، میں اس کو زبانی تو یاد نہیں رکھوں گا، آپ مہربانی کریں بیچ میں Interrupt نہ کریں، مجھے بات کرنے دیں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں نہیں، آپ Paper سے Reading نہ کریں، آپ اپنی بات کریں، آپ Figures بتائیں لیکن Reading نہ کریں۔

جناب لطف الرحمان: میں صوبائی بجٹ پر بات کروں گا، میں مرکزی بجٹ پر بات کروں گا، مجھے بات کرنے دیں، میں نے تمام Figures بیان کرنے ہیں، میں آپ کو Figures بتا رہا ہوں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Figures بیان کر سکتے ہیں، Figures آپ Read کر سکتے ہیں لیکن آپ Reading نہ کریں۔

جناب لطف الرحمان: بات مجھے کرنے دیں، میں نے تمام Figures بیان کرنے ہیں، میں آپ کو Figures بتارہاہوں، میں کوئی تقریر نہیں کررہاہوں، تقریر میں ویسے بھی کر سکتاہوں، میں نے آپ کو نمبرز Quote کرنے ہیں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تقریر کریں، بالکل آپ تقریر کریں، Reading نہ کریں۔

جناب لطف الرحمان: 2018ء میں اندرونی قرضہ 16 ہزار 416 ارب روپے تھا، اب یہ قرضہ 8 ہزار 762 روپے ہے، یعنی چار سالوں میں اکہتر (71%) فیصد اضافہ ہوا۔ 2018ء میں بیرونی قرضہ 8 ہزار 537 ارب روپے تھا، اب یہ قرضہ 16 ہزار 290 ارب روپے ہے، یعنی چار سالوں میں اکیانوے (91%) فیصد اضافہ ہوا ہے۔ 2018ء میں کل ملکی قرضہ 24 ہزار 958 ارب روپے تھا، اب یہ قرضہ 44 ہزار 366 ارب روپے ہے، یعنی چار سالوں میں اٹھہتر (78%) فیصد اضافہ ہوا، آپ کا وزیر خزانہ خود مانتا ہے کہ چھہتر (76%) فیصد ہوا ہے، یہاں پر Figures اٹھہتر (78%) فیصد بتا رہے ہیں۔ Portfolio investment رواں سال کے دوران چوبیس سو ترسٹھ (2463) ملین ڈالر سے کم ہو کر چار سو چوہتر (474) ملین ڈالر رہ گئی۔ کل غیر ملکی سرمایہ کاری۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: پختون یار صاحب، آپ باتیں نہ کریں، اپنی سیٹ پر جائیں، ابھی سی ایم آرہے ہیں۔

جناب لطف الرحمان: تین ہزار 664 ملین ڈالر سے کم ہو کر پندرہ سو ستر (1570) ملین ڈالر رہ گئی، یہ ملک کی معاشی بدحالی پر عدم اعتماد کا ووٹ تھا، قوم کو اللہ کا شکر ادا کرنا چاہیئے کہ اس حکومت سے جان چھوٹی۔ اس رواں مالی سال میں وفاقی حکومت کے بجٹ کے خسارے کو پورا کرنے کے لئے چودہ سو (1400) بلین روپے قرض لیا جبکہ پچھلے سال یہ قرض پانچ سو ستتر (577) بلین روپے تھا، یہ بڑھتا ہوا بوجھ ملک کی کشتی کو گہرے سمندر میں ڈبونے کے مترادف ہے۔ جولائی تا اپریل مالی سال 2022ء کے دوران ٹیکس ریونیو میں چودہ اعشاریہ تین (14.3%) فیصد کمی ہوئی جو معیشت کی گرتی ہوئی حالت کو ظاہر کرتی ہے۔ سابقہ حکومت کے غیر موثر ہونے کی دلیل بھی یہی ہے، جولائی تا مارچ مالی سال 2022ء کے دوران کل اخراجات میں ستائیس (27%) فیصد کا اضافہ دیکھا گیا، گزشتہ سال کی اس مدت میں چار اعشاریہ دو (4.2%) فیصد تھا، سابقہ حکومت کی کمزور پالیسیوں یا بڑھتی ہوئی کرپشن کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ رواں مالی سال میں

مہنگائی کی شرح کم از کم (15%) پندرہ فیصد رہی جس نے عوام کی کمر توڑ کر کے رکھ دی۔ سٹیٹ بینک کا پالیسی ریٹ سات فیصد سے پونے چودہ (13. 75%) فیصد جو شرح سود کا تعین کرتا ہے جس سے کاروبار کو برباد کر لیا گیا۔ ملک کی سٹاک ایکسچینج رواں مالی سال کے دوران 47 ہزار 800 پوائنٹس سے گر کر 46 ہزار پوائنٹس پر پہنچ گئی۔ جناب سپیکر، خیبر پختونخوا کے صوبائی بجٹ کے حوالے سے بھی بات کرنا چاہتا ہوں، صوبائی بجٹ کے بارے میں کچھ حقائق آپ کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں جس سے حکومت کی ناقص کارکردگی کے علاوہ اس بات کا بھی پتہ چلتا ہے کہ بجٹ کے اعداد و شمار میں کچھ بدیانتی سے کام لیا گیا ہے جس کی وضاحت ضروری ہے۔ جناب سپیکر، 22-2021ء کے لئے کل محصولات کا بجٹ گیارہ سو اٹھارہ (1118) بلین روپے تھا لیکن اس پر نظر ثانی کر کے اسے نو سو بیالیس (942) ارب روپے کرنا پڑا۔ پھر 23-2022، کے لئے تیرہ سو بتیس (1332) ارب روپے کا بجٹ کیسے معقول ہو سکتا ہے؟ میرا مطلب ہے کہ اس کا جواز پیش کیا جائے ورنہ اس کو درست کیا جائے۔ جناب سپیکر، 22-2021ء کے لئے نیٹ ہائیڈل منافع کا بجٹ پچھتر (75) بلین روپے تھا، اس پر نظر ثانی کر کے اکسٹھ (61) ارب روپے کرنا پڑا، پھر 23-2022ء کے لئے چھیالیس (46) ارب روپے کے بجٹ کا کیا جواز ہو سکتا ہے؟ میں چاہوں گا کہ اس کا جواز بھی پیش کیا جائے، اس کو بھی درست کیا جائے۔ یہ وہ سارے سوالات ہیں جو ہم نے بجٹ کے حوالے سے اٹھائے ہیں، اس پر ہم وضاحت بھی وزیر خزانہ سے چاہتے ہیں، اگر وہ اس کی وضاحت نہیں دے سکتے تو اس کو پھر درست کرنا بھی انتہائی ضروری ہے کہ یہ اس صوبے کا بجٹ ہے، پورے سال کا انحصار اسی بجٹ کے اوپر ہے، جھوٹ کے پلندے سے تو ملک نہیں چلتے، نہ صوبے چلتے ہیں، حقائق کو سامنے رکھ کر آپ نے جب فیصلے کرنے ہوتے ہیں تو تب جا کر ملک چلتے ہیں، میں چاہوں گا کہ اس کا جواز پیش کیا جائے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ظاہر شاہ صاحب، ارباب جہانداد صاحب، آپ دونوں کی آوازیں آ رہی ہیں، اپنی سیٹوں پر چلے جائیں۔

جناب لطف الرحمان: 22-2021ء کے لئے صوبائی ٹیکس ریونیو کا بجٹ پینتالیس (45) بلین روپے تھا، اس کی وصولی چوالیس (44) ارب روپے ہو سکی، پھر 23-2022ء کے لئے ستاون (57) ارب روپے کے بجٹ کا کوئی جواز نہیں ہے۔ جناب سپیکر، اعداد و شمار کو برابر کرنے ہیں، لہذا اس کو درست کیا

جائے۔ 2021ء کے لئے دیگر صوبائی ریونیو کا بجٹ ایک سو تیرہ (113) بلین روپے تھا لیکن اس کی وصولی چورانوے (94) ارب روپے ہو سکی۔ پھر 23-2022ء کے لئے دو سو پانچ (205) ارب روپے بجٹ کا کوئی جواز نہیں، سوائے بجٹ کے اعداد و شمار کو برابر کرنے کے، اس کا جواز پیش کیا جائے ورنہ اس کو بھی درست کیا جائے۔ 22-2021ء کے لئے مرکزی حکومت سے گرانٹ کا بجٹ ایک سو اٹھاسی (188) بلین تھا لیکن اس کی وصولی ایک سو دس (110) ارب روپے ہو سکی۔ پھر 23-2022ء کے لئے دو سو نو (209) ارب روپے کے بجٹ کا کوئی جواز نہیں، سوائے بجٹ کے اعداد و شمار کو برابر کرنے کے، لہذا اس کا جواز بھی پیش کیا جائے ورنہ اس کو بھی درست کیا جائے۔ 22-2021ء کے لئے کل ترقیاتی گرانٹ کا بجٹ دو سو آٹھ (208) بلین روپے تھا، اس کا حتمی تصرف ایک سو چوالیس (144) ارب روپے ممکن ہو سکا۔ پھر 23-2022ء کے لئے دو سو سترہ (217) ارب روپے بجٹ کا کیا جواز پیش کیا جا سکتا ہے؟ میں چاہوں گا کہ اس کا جواز پیش کیا جائے ورنہ اس کو بھی درست کیا جائے، یہ بھی بتایا جائے کہ حکومت اس کو خرچ کرنے میں کیوں ناکام ہوئی؟ جس سے صوبے کے ترقیاتی منصوبے متاثر ہوئے۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ماشاءاللہ زبردست Reading مواد کو۔

جناب لطف الرحمان: 22-2021ء کے لئے فارن پراجیکٹ امداد کا بجٹ بیاسی (82) بلین روپے لیکن اس کا حتمی تصرف اکسٹھ (61) ارب روپے ممکن ہو سکا۔ پھر 23-2022ء کے لئے ترانوے (93) ارب روپے کے بجٹ کا کیا جواز پیش کیا جا سکتا ہے؟ عوام کو بتایا جائے کہ اس حکومت کا انتظام کیوں ناکام ہوا جس سے صوبے کے ترقیاتی منصوبے متاثر ہوئے؟ 2005ء سے 2018ء تک ریونیو کے بجٹ اور ریونیو کی وصولی کا تناسب پچانوے (95%) فیصد رہا جو حکومت کی اعلیٰ کارکردگی کو ظاہر کرتا ہے جبکہ گزشتہ چار سالوں کے دوران یہ تناسب اسی (80%) فیصد سے بھی کم رہا جو حکومت کی نااہلی کو ظاہر کرتا ہے، اس کی ناقص کارکردگی کو بھی ظاہر کرتا ہے۔ جناب سپیکر، یہاں پر بجٹ کے ساتھ ساتھ یہ بات کرنا انتہائی ضروری ہے کہ ہمارے جو Merged areas ہیں۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: لطف الرحمن صاحب، یہ Paper آپ فنانس منسٹر کے حوالے کر دیں تو وہ آپ کو تفصیلاً جواب دے دیں گے، آپ کے PA نے آپ کو لکھ کر دیا ہے تو وہ تفصیل سے جواب دیں گے۔

جناب لطف الرحمان: وہ میں دے دوں گا، کوئی مسئلہ نہیں ہے، یہ ایک ریکارڈ کا حصہ ہے، یہ ریکارڈ کی چیز ہے، اس میں تمام Figures درج ہیں، وہ ان کے پاس بھی ہیں، مجھے ان کو دینے کے لئے کوئی مسئلہ نہیں ہے، میں بات کرنا چاہتا تھا کہ اس وقت جو ہمارے Merged areas ہیں جس کو ایکس فاٹا کہا جاتا ہے، اس سے اتنی بڑی زیادتی ہو نہیں سکتی کہ ان چار سالہ دور میں جس کی مرکز میں حکومت تھی، آپ کا اس کے ساتھ ہر سال ایک سو ارب روپے کا وعدہ ہے لیکن بالترتیب آپ نے تئیس (23) ارب، چوبیس (24) ارب اور پچیس اعشاریہ پانچ (25.5) ارب روپے اس پر خرچ کر سکے لیکن وہ بھی آپ نے گرانٹ کی صورت میں لئے ہیں۔ جناب سپیکر، فاٹا کے علاقے اس صوبے میں Merge ہونے کے بعد آج تک آپ نے اس کی آبادی، اس کو رقبے کے حوالے سے جو اس صوبے کا این ایف سی میں جو حق بنتا ہے وہ حق آپ نہیں لے سکے، چار سال آپ کی مرکز میں حکومت تھی، صوبے میں حکومت تھی، اس دن فنانس منسٹر نے یہاں کھڑے ہو کر ہمیں طعنے دیئے کہ مرکزی حکومت ہمیں پیسے نہیں دے رہی، میں ان سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ چار سال آپ نہ تو این ایف سی کے حوالے سے اپنا یہ حصہ لے سکے کہ جو اضافی ایریا آپ میں شامل ہوا تھا، نہ رقبے کے لحاظ سے اور نہ آبادی کے لحاظ سے وہ بھی آپ گرانٹ کی صورت میں لیتے ہیں، وہ بھی آپ وعدے کے مطابق تئیس (23) ارب، چوبیس (24) ارب اور پچیس اعشاریہ پانچ (25.5) ارب، ٹوٹل بہتر (72) ارب روپے آپ ان چار سالوں میں خرچ کر سکے ہیں۔ آپ نے ایک سو ارب کا وعدہ کر کے چار سالوں میں آپ کو چار سو ارب روپے خرچ کرنے چاہئیں، اس وقت بھی ہم نے یہ بات کی تھی کہ آپ جب اس صوبے کے ساتھ Merge کر رہے ہیں تو وہاں کے لوگوں سے آپ نے ریفرنڈم کے ذریعے حق رائے دہی لینا چاہیئے تھا لیکن آپ نے اس کو وہ حق نہیں دیا، آج وہ صورتحال، جو اس بلدیاتی الیکشن میں آپ نے نتائج دیکھے، جمعیت علماء اسلام کے مؤقف کو ووٹ کے حوالے سے بھرپور تائید ملی ہے، رزلٹ کے حوالے سے اس وقت صورتحال آپ کے سامنے ہے، آپ مجھے بتائیں کہ آپ فاٹا کے لئے جو بلند و بانگ دعوے کر رہے ہیں، آپ کے پاس کوئی منصوبہ ہی نہیں ہے کہ آپ اس پر پیسے خرچ کر سکیں، آپ یہ پیسے بھی گرانٹ کی صورت میں لے رہے ہیں۔ آپ کا جو ایک پلان ہے جو 2021ء سے 2030ء تک ہے، اس میں آپ اپنے صوبے کی پلاننگ سرے سے شامل ہی نہیں کر سکے، آپ مرکزی حکومت کو اس پر قائل ہی نہ

